اعجاز حسین بھٹی

مشاعرے لوٹ لینے والا عوامی شاعر

تحریر: جمیل عثمان

اعجاز حسین بھٹی کا شمار شمالی امریکہ کے ممتاز شعرا میں ہوتا ہے - بہت کم عمری میں اعجاز نے علم و ادب کی دنیا میں اپنا ایک نمایاں مقام بنا لیا ہے - بہت اچھوتے لہجے کے شاعر ہیں اور اپنا ایک جداگانہ انداز رکھتے ہیں - اعجاز کی شاعری پر کسی کی چھاپ نہیں ہے - ان کا انداز ہی الگ ہے -

اعجاز بھٹی نے زمیندار ڈگری سائنس کالج گجرات سے ۱۹۹۰ میں بی اے پاس کیا - پنجاب یونیورسٹی میں ایم اے میں داخلہ لیا لیکن ڈیڑھ سال بعد ہی چھوڑ دیا اور ماسٹرز مکمل کیے بغیر امریکہ آ گئے - اعجاز کو بہت کم عمری سے شاعری کا شوق تھا - کالج میں دوسرے سال میں تھے جبھی سے شاعری کر رہے ہیں - وہ اپنے کالج میگیزین کے مدیر رہ چکے ہیں - اعجاز نے بہت کم وقت میں وہ کچھ حاصل کر لیا ہے جو بعض شعرا ایک عمر گزارنے کے بعد حاصل کر پاتے ہیں - وہ پانچ شعری مجموعوں کے خالق ہیں جن کی تفصیل یہ ہے:

۱- پہلی کتاب "سایہ" اردو شاعری کا مجموعہ ہے جو ۱۹۹۹ میں شایع ہوئی-
۲- دوسری کتاب "آساں دا دیوا" (امیدوں کا دیا) پنجابی کلام کا مجموعہ ہے جو ۲۰۰۱ میں شایع ہوئی -
۳- تیسری کتاب "کچھ خواب بنیں گے" اردو کلام کا مجموعہ ہے جو ۲۰۰۷ میں منظر عام پر آئ -
٤- چوتھی کتاب "اظہار نہ کرنا" طباعت کے مراحل میں ہے -
۵- پانچویں کتاب "دکھیاری ماں" بہت جلد آنے والی ہے -

اعجاز اردو اور پنجابی زبانوں پر یکساں قدرت رکھتے ہیں اور دونوں زبانوں میں خوب شاعری کرتے ہیں - وہ سنجیدہ اور مزاحیہ دونوں طرح کی شاعری کرتے ہیں اور دونوں اصناف میں مہارت رکھتے ہیں - کہا جاتا ہے کہ اگر مشاعرہ بہت بور جا رہا ہو تو اعجاز بھٹی کو بلا لو - وہ آتے ہی مشاعرے کو اٹھا دیتے ہیں - مشاعروں کے دوران فقرے چست کرنے میں انکا جواب نہیں - اسٹیج پر پڑھتے ہوئے شاعر کی زمین میں فی البدیہہ مصرعہ یا پورا شعر کہہ کر اس کی پذیرائی کرتے ہیں - اعجاز بھٹی کا نام ہی مشاعرے کے کامیابی کی ضمانت ہے - امریکہ کے ہر اسٹیٹ سے مشاعرے پڑھنے کے لئے جتنا اعجاز کو بلایا جاتا ہے اور کسی شاعر کو نہیں -

اعجاز بھٹی نیو یارک میں "اقلیم سخن" نامی ادبی تنظیم کے بانی اور صدر ہیں - وہ اپنے کاروبار کے سلسلے میں کچھ عرصے نیو یارک اسٹیٹ کے دار السلطنت البنی میں بھی مقیم رہے - وہاں انہوں نے کیپیٹل ڈسٹرکٹ ادبی فورم کی بنیاد رکھی جو ان کے وہاں سے منتقل ہونے کے بعد بھی قائم ہے اور ادبی پروگرام منعقد کرتا ہے - وہ حلقۂ ارباب ذوق نیو یارک کی مجلس عاملہ کے رکن اور حلقۂ ارباب ذوق نیو جرسی کے جوائنٹ سکرٹری رہ چکے ہیں -